ماہنامہ مجلہ الحقیقہ پاکستان

جمادی الثانی ۱۴۲۳ھ / اگست 2002ء

توحید اور محبوبانِ خدا کے کمالات

پروفیسر محمد حسین آسی

تاجدارِ صداقت پاسدارِ رسالت

حضور نقش لاثانی اور تحریک پاکستان



پاکستان کی تعمیر

اداریہ

حمد و نعت

پروفیسر [illegible] حسین آئی

جلوہ فرما رحمت رب اعلیٰ ہے ہر طرف
آنکھ کھلا ہو تو نور مطلق ہے ہر طرف
ذرے ذرے کی زباں پہ نغمہ توحید ہے
گرم اسی [illegible] ہے ہر طرف
بزم امکاں کا کوئی گوشہ بھی کہیں محروم ہو
جب خدا ہے ہر طرف نور خدا ہے ہر طرف
خالق عالم ہے ظاہر اپنی ہر تخلیق سے
جو عالم بھی [illegible] بنا ہے ہر طرف
منکر اندھے پن سے محروم نظارہ ہو تو ہو
ورنہ ان کا نور تو [illegible] کھلا ہے ہر طرف
اک عجب ہے ولولہ پھیلا بھی جیسے کیا اشتیاق
ابر چادر ساز اسے یار [illegible] ہے ہر طرف
مالک (جل مجدہ) روز 12 اسے [illegible] روز 12 ﷺ
اب تو دنیا میں بھی محشر سا بپا ہے ہر طرف
وقت شاید منتظر ہے پھر کسی شبیر کا
ہاں کہیں چہرہ کوئی کرب وبلا ہے ہر طرف
ہم نہیں ہیں اپنے رب کی رحمتوں سے نا امید
گو افق پر یاس کی کالی گھٹا ہے ہر طرف
کچھ چاہیے تو در خیر الوریٰ سے مانگ
جوش وحشت سے یہ کیا تو بھاگتا ہے ہر طرف
کیا تجھے کافی نہیں ہیں رحمۃ للعالمین ﷺ
کیا ہے ؟ دنیا میں اگر شور بپا ہے ہر طرف
شیخ کے جلوے سے ہے معمور انجم بدن
تیرے اندر آگہی کوئی صدا [illegible] ہے ہر طرف

زیر سرپرستی

حضرت علامہ مولانا پروفیسر محمد حسین آسی نقشبندی

ماہنامہ مجلہ الحقیقہ پاکستان

جمادی الثانی — اگست — جلد نمبر 3 — شمارہ نمبر 10

مدیر اعلیٰ: شجاعت علی مجاہد

مدیر مسئول: ابوطلحہ نوری

مدیر منتظم: شمس الدین نقشبندی

زرِ تعاون

پاکستان (فی پرچہ) 10 روپے — سالانہ بذریعہ ڈاک 124 روپے

	فی پرچہ	سالانہ چندہ
یورپ	1 پونڈ	10 پونڈ
یو ایس اے	1.5 ڈالر	15 ڈالر
عرب ممالک	3 ریال	30 ریال

عکس الحقیقہ

خط و کتابت کا پتہ: صوفی محمد آصف نقشبندی انچارج دفتر الحقیقہ [illegible]

پرنٹر پبلشر: پروفیسر محمد حسین آسی نے [illegible] سے چھپوا کر دفتر الحقیقہ [illegible] فون نمبر: 451734 (اردو ادب) سے شائع کیا



پاکستان کی تعمیر

الحمد للہ یہ ماہ اگست ہے ۱۹۴۷ء میں اسی کی چودہ تاریخ تھی، جب پاکستان ایک نئی آزاد اسلامی مملکت کے طور پر وجود میں آیا۔ واجپائی اور ایڈوانی جیسے لاتعداد متعصب ہندوؤں کا کردار سب کے سامنے ہے۔ احمد آباد میں بلکہ کشمیر میں جو ظلم و ستم عرصہ دراز سے ڈھایا جا رہا ہے، کیا اُسے سامنے رکھ کر کوئی یہ خواب دیکھ سکتا تھا کہ پتھر کے بتوں کو خدا ماننے والوں کے دل کسی وقت بھی نرم ہو سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انسانیت اور انسان سے مہر و محبت ہندوؤں کی تاریک ذہنیت کے تصور سے بالاتر ہے۔ جو بدنصیب لوگ انسانوں کا خون بہائیں اور جانوروں کا پیشاب تک پئیں، اُنھیں معقولیت سے کیا نسبت۔ اس قسم کے بے رحم، بد خلق، سراپا ظلم، انسان نما بھیڑیوں کی کئی گنا عددی کثرت کے باوجود پاکستان کا بن جانا قدرت حق کا ایک زبردست ثبوت اور اسلام کا عظیم معجزہ ہے۔ ہندوؤں نے نمازوں میں خلل ڈالنے کیلئے باجے بجانے کی تحریکیں چلائیں، مسلمانوں کو قربانی دینے سے روکا جاتا۔ بعض مقامات پر انہیں اذان کی اجازت نہیں دی گئی غرض اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں رکاوٹیں ڈالی جاتیں۔ اگر کسی طرف سے اسلام کی حمایت کی جاتی تو دس دس پندرہ پندرہ چالیس چالیس گھروں کو آگ لگا دی، مسلمانوں کا سامان لوٹ لیا جاتا اور حسب موقع اہل ایمان کو شہید کر دیا جاتا۔ ۱۹۳۶ء سے ۱۹۳۹ء تک آگرہ اور اودھ پر کانگرس کی حکومت رہی اور اس قسم کے ہزاروں مظالم کانگرس حکومت نے اپنی سرپرستی میں کرائے اور مسلمانوں کی ایک شکایت بھی نہیں سنی گئی۔

یہ تو خصوصی مقامات اور خصوصی حالات تھے۔ مگر مجموعی طور پر بھی ہندوؤں نے "معاشیات" پر قبضہ کر رکھا تھا اور مسلمانوں کو سود در سود کے چکر میں الجھا کر ادھ موا کرنے کی کامیاب سازشیں چل رہی تھیں۔ اس قسم کے حالات میں پاکستان کا بننا اشد ضروری تھا، اس کا کون انکار کر سکتا ہے۔ ایسے حالات میں کانگرس کی حمایت کر کے پاکستان کی راہ روکنے کی کوشش کرنا برصغیر کے کروڑوں مسلمانوں کے قتل عام کی اجازت دینے کے مترادف تھا۔ فرزندان اسلام کیلئے یقینا ایک ایسے خطے کی ضرورت تھی جہاں مسلمانوں کو اپنے مذہب کے مطابق عمل کرنے کی مکمل اجازت بھی ہو اور معاشی استحکام بھی حاصل ہو بلکہ یہ معاشی استحکام بھی اسلام کے نفاذ کی برکات کا ثمرہ ہو۔ یقینا اسلام کا معاشی نظام بھی اپنی مثال آپ ہے اور اگر اس پر عمل کیا جائے تو امت مسلمہ معاشی غلامی سے بھی آزاد ہو سکتی ہے۔ اسی لئے حضرت قائد اعظم علیہ الرحمہ نے قیام پاکستان سے چند ماہ بعد فرمایا تھا۔

"ہم نے پاکستان کا مطالبہ ایک زمین کا ٹکڑا حاصل کرنے کیلئے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے تھے جہاں ہم اسلام کے اصولوں کو آزما سکیں"
(اسلامیہ کالج پشاور۔ ۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء)

ایک اور مقام پر فرمایا:

"میں ان لوگوں کی بات نہیں سمجھ سکتا جو دیدہ دانستہ اور شرارت سے یہ پراپیگنڈہ کرتے رہتے ہیں کہ پاکستان کا دستور شریعت کی بنیاد پر نہیں بنایا جائے گا۔ اسلام کے اصول عام زندگی میں آج بھی اسی طرح قابل اطلاق ہیں جس طرح تیرہ سو سال پہلے تھے۔ میں ایسے لوگوں کو جو بدقسمتی سے گمراہ

ہوچکے ہیں۔ یہ صاف صاف بتا دینا چاہتا ہوں کہ نہ صرف مسلمانوں کو، بلکہ یہاں غیر مسلموں کو بھی کوئی خوف نہیں ہونا چاہئے۔ اسلام اور اس کے نظریات نے ہمیں جمہوریت کا سبق دے رکھا ہے۔ ہر شخص سے انصاف، رواداری اور مساوی برتاؤ اسلام کا بنیادی اصول ہے۔ پھر کسی کو ایسی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے خوف لاحق ہو جو انصاف، رواداری اور مساوی برتاؤ کے بلند ترین معیار پر قائم کی گئی ہو ان کو کہہ لینے دیجئے ہم دستور پاکستان بنائیں گے اور دنیا کو دکھائیں گے کہ یہ رہا ایک اعلیٰ آئینی نمونہ۔ (بار ایسوسی ایشن ۲۵ جنوری ۱۹۴۸)

اسی خطاب کا از حد ایمان افروز حصہ ہے، عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے فرماتے ہیں۔

"آج ہم دنیا کی عظیم ترین ہستی کو نذرانہ عقیدت پیش کرنے جمع ہوئے ہیں۔ آپ کی عزت و تکریم کروڑوں عام انسان ہی نہیں کرتے بلکہ دنیا کی تمام عظیم شخصیتیں آپ کے سامنے سر جھکاتی ہیں۔ میں ایک عاجز ترین، انتہائی خاکسار بندہ، ناچیز، اتنی عظیم، عظیموں کی بھی عظیم ہستی کو بھلا کیا اور کیسے نذرانہ عقیدت پیش کر سکتا ہوں۔ رسول کریم ﷺ عظیم مصلح تھے۔ عظیم رہنما، عظیم واضع قانون تھے۔ عظیم سیاستدان تھے، عظیم حکمران تھے (کراچی بار ایسوسی ایشن۔ ۲۵ جنوری ۱۹۴۸ء عید میلاد النبی ﷺ)

اس سلسلے میں ایک اور ارشاد کا تذکرہ پیش کیا جاتا ہے۔

میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات اس اسوہ حسنہ (علی صاحب الصلوٰۃ والسلام) پر چلنے میں ہے جو ہمیں قانون عطا کرنے والے پیغمبر اسلام ﷺ نے ہمارے لئے بنایا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی جمہوریت کی بنیادیں صحیح معنوں میں اسلامی تصورات اور اصولوں پر رکھیں۔

(شاہی دربار سبی بلوچستان، ۱۴، اگست ۱۹۴۷ء)

اب آخر میں اسلامی حکومت کے بارے میں آپ کا تصور ملاحظہ ہو

"اسلامی حکومت کے تصور کا یہ امتیاز پیش نظر رہنا چاہئے کہ اس میں اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع خدا کی ذات ہے جس کی تعمیل کا عملی ذریعہ قرآن مجید کے احکام اور اصول ہیں۔ اسلام میں اصلاً نہ کسی بادشاہ کی اطاعت ہے، نہ پارلیمنٹ کی، نہ کسی شخص یا ادارے کی۔ قرآن حکیم کے احکام ہی سیاست و معاشرت میں ہماری آزادی اور پابندی کی حدود متعین کر سکتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں اسلامی حکومت قرآنی اصول و احکام کی حکومت ہے۔ (تعلیمات قائد ص ۷۸)

پاکستان کے حکمران: حضرت قائداعظم علیہ الرحمۃ مخلص اور راسخ العقیدہ تھے۔ انہیں نعرہ بازی اور نمود و نمائش سے دور کا واسطہ نہیں تھا۔ وہ جو کہتے تھے کر دکھاتے تھے۔ اپنے تو کیا انہوں نے کسی غیر کو بھی دھوکہ نہیں دیا تھا۔ دشمن تک ان کی استقامت اور عظمت کردار کے قائل اور گھائل ہیں۔ کاش! انہیں وقت ملتا تو پاکستان کا نقشہ کچھ اور ہوتا۔ افسوس انہیں وقت نہ ملا اور پاکستان کو قائم ہوئے پورے تیرہ ماہ بھی نہیں ہوئے تھے کہ آخرت کو سدھار گئے۔

(انا للہ وانا الیہ راجعون)

ان کے بعد جو لوگ برسر اقتدار آئے اکثر نظریہ پاکستان ہی سے مخلص نہیں تھے۔ جو کوئی مخلص تھا وہ بھی غیر مخلصوں کی بھیڑ میں بے بس ہو گیا۔ ہماری بدقسمتی دیکھئے کہ قائداعظم کے ولیں پر ایک ایسا شخص بھی حکومت کر گیا جو "جعفر از بنگال" کی اولاد میں سے تھا اور غداری اس کی فطرت و جبلت کا حصہ تھی۔ اس کے علاوہ جمہوریت اور مارشل لاء کی آنکھ مچولی رہی۔ اسلام با فقد جمہوری حکومتوں نے کیا نہ فوجی حکومتوں نے۔ امن و امان کی صورت حال بھی بگڑتی گئی اور غریب و نادار لوگوں کی کسمپرسی میں بھی اضافہ ہوتا گیا۔ آئین بنتے رہے مگر خود بنانے والے بھی ان کا حلیہ بگاڑتے رہے تا آنکہ موجودہ حکومت کی باری آ گئی۔

موجودہ حکومت کے سربراہ جناب پرویز مشرف ہیں جو پاکستان کے صدر بھی ہیں اور چیف ایگزیکٹو بھی۔ بڑے فعال ہیں، اور لگتا ہے اپنے وطن سے مخلص ہیں۔ ان کے دور میں اسلام اور مسلمانوں کے دشمن اپنی ناپاک سازشوں میں بہت کھل گئے ہیں یعنی امریکہ اور بھارت، شاید ان کے سوا کوئی اور حکمران ہوتا تو موجودہ صورت حال میں نہ پنپ سکتا اور ملک کسی بدترین بحران کا شکار ہوتا۔ محسوس ہوتا ہے کہ ان پر بھی بہت دباؤ ہے تاہم حالات پر ان کی گہری نظر بھی ہے اور دشمن کی "خفیہ ہدایات" کی تعمیل بھی پوری طرح نہیں کرتے۔ ان کے بعض اقدامات یقیناً قابل تحسین بھی ہیں مثلاً ان جہادی تنظیموں پر اور فرقہ وارانہ پارٹیوں پر پابندی عائد کرنا جو ایک مدت سے وطن عزیز کا امن و امان درہم برہم کر رہی تھیں۔ یہ کام اتنا دشوار تھا کہ کوئی جمہوری حکومت اس سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتی تھی۔ یقیناً اس اقدام سے ملک میں کئی قصے اپنی موت آپ مر گئے یا نڈھال ہو گئے ورنہ یہ تاثر خود ان تنظیموں نے بھی

عام کر رکھا تھا کہ انہیں کوئی نہیں چھیڑ سکتا۔ صدر نے چھیڑا ہے تو اب ان سب کی گھگھی بندھ گئی ہے۔ اور بڑے بڑے زبان دراز بے زبان ہو گئے ہیں۔

جناب صدر! کو اس قدم پر مبارکباد بھی پیش کرتے ہیں مگر اس سے ضروری ہے اسلام کا نفاذ جس کیلئے پاکستان معرض وجود میں آیا تھا۔ طرز حکومت کی بحث، اختیارات وغیرہ کی بحث، ہمارے نزدیک آپ خدائے واحد و یکتا اور اس کے حبیب اکرم و مکرم ﷺ کو راضی کرنے کی کوشش کریں اور پوری قوت سے اسلام نافذ کر دیں۔ اگر آپ کو یہ شرف حاصل ہو گیا تو آپ کا نام تاریخ ملک و ملت میں چمکتا رہے گا۔ لوگ آپ کو قائد اعظم ثانی کہا کریں گے۔ مرنے کے بعد مزار انوار تجلیات سے معمور رہے گا۔ غریب غرباء کے مسائل حل کرنے کی بھی یہی صورت ہے۔ قوم کی اسی طرح تعمیر ہو گی۔

مجھے افسوس ہے کہ آپ کے ساتھی یوں تو بہت پڑھے ہوں گے مگر اسلام کے بارے میں شاید زیادہ معلومات نہیں رکھتے اور غالباً اس کے بارے میں انہوں نے جن کتابوں کا مطالعہ کیا ہے وہ بھی یہودی مصنفین نے لکھی ہوئی ہیں۔ ان میں سے اکثر بیچاروں نے اسلام کا قرآن کا کبھی نام تک نہیں لیا۔ انہیں کی بدولت آپ کے دور حکومت کی بدنامی ہو رہی ہے۔ گذشتہ حکومتوں میں بھی غریبوں کی حالت تسکین بخش نہیں تھی مگر اب تو مہنگائی آسمانوں سے باتیں کر رہی ہے اور لوگوں کا جینا دوبھر ہو گیا ہے۔ ملازمتوں سے اچانک لوگوں کو نکالا جاتا ہے اور کوئی داد فریاد نہیں۔ قومیائے گئے تعلیمی اداروں کو دوبارہ ان کے پچھلے مالکوں کو لوٹانا بھی عجیب ستم ہے۔ نصاب تعلیم انتہائی بے رحمانہ ہے۔ "اسلام" کی چاشنی سے اسے محروم کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں۔ ہاں آپ نے خزانہ بھر لیا مگر اس سے نادار طبقے کو کیا فائدہ ہوا بلکہ اس صورت حال میں خزانہ بھرنے پر فخر کرنا غریبوں کی غربت کا مذاق اڑانا ہے۔ کاش آپ قومی دولت لوٹنے والوں سے دولت اگلوا دیتے اور جن عوام کی دولت لوٹی گئی تھی ان تک پہنچاتے۔

اسی ضمن میں یہ گزارش بھی ہے کہ لوگوں میں اس قسم کا تاثر پھیلنا کہ حکومت وہی کرتی ہے جو امریکہ چاہتا ہے، بھی بہت نقصان دہ ہے۔ مہربانی ہو گی اگر گفتار و کردار سے آپ اس تاثر کو بے بنیاد ثابت کر دیں۔

مختصر یہ کہ ۱۴ اگست کے مقدس دن آپ قیام پاکستان کا اصل مقصود یعنی اسلام نافذ کر دیں اور قائد اعظم کے عقیدتمند کی حیثیت سے بلکہ حضور رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سچے غلام کی حیثیت سے اپنا فرض منصبی ادا کریں۔ خدا اور رسول خدا ﷺ حامی و ناصر ہوں، آمین۔

سودی بنکاری کے عاشق سوچیں:

نوائے وقت لاہور مورخہ ۱۲ جولائی ۲۰۰۰ء میں ایک خبر شائع ہوئی ہے جس کا عنوان ہے "مغربی دنیا میں اسلامی بینکاری مقبول ہو رہی ہے" اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ کاش حکومتی کارندے غور کریں۔ "لندن (مانیٹرنگ ڈیسک)

مغربی دنیا میں اسلامی بینکاری کی مقبولیت کے ساتھ ہی ڈاؤ جونز اینڈ کمپنی نے 1862 حصص پر مشتمل اسلامک انڈیکس شروع کیا ہے جس کی عالمی بازار میں قیمت تقریباً 110 کھرب ڈالر ہے ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس سے 34 ممالک میں شرعی اصولوں کی پابند کمپنیوں کے ان 1862 اسٹاکس سے اسلامی بینکاری کو فروغ ملا ہے لیکن بین الاقوامی سطح پر اب بھی سرمایہ کاری بینکاری اور کمپنیوں نے مابین بزنس سب سے زیادہ مقبول ڈاؤ جونز انڈیکس پر منحصر ہے۔ بین الاقوامی سطح پر اسٹاکس کی خرید و فروخت اور ان کی قیمت کا اندازہ سرمایہ کاروں کو مارکیٹ انڈیکس سے پتہ چلتا ہے۔ ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس میں صرف اسلامی ملکوں کی ہی کمپنیاں شامل نہیں ہیں بلکہ امریکہ اور دیگر غیر اسلامی ملکوں کی کمپنیاں جو شرعی قوانین کی پابند ہیں اس میں شریک ہیں ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس میں ان کمپنیوں کے اسٹاکس شامل نہیں ہیں جو سگریٹ، شراب، سور کا گوشت اور ہتھیاروں کی خرید و فروخت کرتی ہیں لیکن ہندوستان یا پاکستان سے کوئی بھی کمپنی ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس میں شامل نہیں ہے۔ ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس ۱۹۹۹ء میں شروع کیا گیا ڈاؤ جونز اسلامک انڈیکس شرعی اصولوں کے ماہرین پر مشتمل ایک بورڈ کی نگرانی میں چلتا ہے۔ اس بورڈ کے ارکان میں پاکستان کے جسٹس محمد تقی عثمانی سعودی عرب کے ڈاکٹر محمد علی القاری، امریکہ کے یوسف طلال ڈی۔ لورینزو، بحرین کے شیخ نظام یعقوبی اور ملک شام کے ڈاکٹر عبدالستار ابو غدہ شامل ہیں۔

توحید اور محبوبانِ خدا کے کمالات

پروفیسر محمد حسین آسی

﴿قسط نمبر:۲۰﴾

منصب نبوت : نظریہ کہ ایمان کے پھلنے پھولنے اور عقیدہ، توحید کو مضبوط تر کرنے کیلئے ضروری تھا کہ امت کا اپنے نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے ساتھ رابطہ رہے اور یہ رابطہ عابدانہ تجسیم کا نہ ہو بالکل اس عقیدے کے ساتھ ہو کہ نبی اپنی خداداد قوتوں کے ساتھ امت کو ہر آن ملاحظہ فرماتا ہے، ان کی فریاد بلکہ ہر بات سنتا ہے، ہر آڑے وقت ان کے کام آتا ہے، ان کی حفاظت فرماتا ہے اور بوقت ضرورت ان کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ پھر امت کا اپنے نبی پاک سرور لولاک ﷺ کے ساتھ یہ رابطہ و تعلق کسی وقت سے مخصوص نہیں بلکہ جب تک نبی نبی ہے اور امت امت ہے۔ (یہ رابطہ و تعلق) یونہی رہے گا۔ اللہ کے حبیب اکرم ﷺ کے بارے میں قرآن کریم نے یہ عقیدہ اس وضاحت سے، پاکیزگی کے ساتھ آیات بینات کی تلاوت کرنے والے کیلئے شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ مثلاً عظیم الشان رسول ہونے کے ناتے حضور پرنور ﷺ کے منصب کی وضاحت یوں فرمائی گئی۔ **لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ** ○ (آل عمران:۱۶۴)

ترجمہ۔ بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے گمراہی میں تھے

خیال فرمائیے مومنوں پر اللہ کا احسان یہ ہے کہ انہیں اس رسول سے وابستہ کیا جو ان پر تلاوت آیات فرماتا ہے، انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے مگر یتلوا، یزکی اور یعلم مضارع کے صیغے ہیں لہٰذا جس طرح رسول حال و مستقبل کا رسول ہے یونہی ان صیغوں کا تعلق بھی حال و مستقبل دونوں سے ہے۔ گویا یہ نبی اکرم ﷺ

مومنوں پر آیات تلاوت کرتا ہے   اور کرے گا

اور انہیں پاک فرماتا ہے   اور فرمائے گا

نیز انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے   اور سکھائے گا

اسی مضمون کو مزید وضاحت سے قرآن پاک میں یوں بیان فرمایا

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ (الجمعہ ۲،۳)

ترجمہ: وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا کہ ان پر اس کی آیتیں پڑھتے ہیں اور انہیں پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب اور حکمت کا علم عطا فرماتے ہیں اور بیشک وہ اس سے پہلے ضرور کھلی گمراہی میں تھے۔ اور ان میں سے اوروں کو پاک کرتے اور علم عطا فرماتے ہیں جو ان اگلوں سے نہ ملے اور وہی عزت و حکمت والا ہے۔ (کنز الایمان)

غور کیجئے کیا ہی دلنشیں انداز ہے کہ حضور پرنور ﷺ نزول قرآن پاک کے دور میں موجود مسلمانوں کو بھی تلاوت و تزکیہ اور تعلیم کتاب

دعوتِ حق سے نوازتے ہیں اور جو بعد میں آنے والے ہیں، انہیں بھی اسی طرح ان نعمتوں سے مالا مال کریں گے۔

قرآن پاک نے حضور پاک ﷺ کو شہید بھی فرمایا طرز بیان یہ ہے۔

وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۔ (البقرہ ۱۴۳)

ترجمہ۔ اور رسول تمہارے گواہ ہو جائیں۔

اس کی تفسیر حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی قدس سرہ کے قلم حقیقت رقم سے سنیئے، آپ فرماتے ہیں:

باشد رسول شما بر شما گواہ زیرا کہ او مطلع است بنور نبوت بر رتبہ ہر متدین بدین خود کہ در کدام درجہ از دین من رسیدہ و حقیقت ایمان او چیست وحجابے کہ بداں از ترقی محجوب ماندہ است کدام است پس او شناسد گناہان شمارا و درجات ایمان شمارا و اعمال نیک و بد شمارا و اخلاص و نفاق شمارا۔ (تفسیر عزیزی)

ترجمہ۔ تمہارا رسول تم پر گواہی دے گا کیونکہ وہ جانتے ہیں اپنی نبوت کے نور سے اپنے دین کے ہر ماننے والے کے رتبہ کو کہ میرے دین میں اس کا کیا درجہ ہے اور اس کے ایمان کی حقیقت کیا ہے اور کونسا پردہ ہے جس سے اس کی ترقی رکی ہوئی ہے پس وہ تمہارے گناہوں کو بھی پہچانتے ہیں، تمہارے ایمان کے درجوں کو، تمہارے نیک و بد سارے اعمال کو اور تمہارے اخلاص اور نفاق کو بھی خوب جانتے ہیں۔

یہ ہے حضرت شاہ صاحب قدس سرہ کا فہم قرآن۔ اُن کے نزدیک قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کا حال بالتفصیل حضور پُر نور ﷺ کے سامنے ہے۔ حضور پُر نور ﷺ کے گواہ ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ کسی بھی مؤمن کا ایمان، کسی بھی کافر کا کفر اور کسی بھی منافق کا نفاق آپ کی چشم حق بین و بصیرت بیں سے اوجھل نہ ہو، بلکہ کوئی مؤمن اگر روحانی مدارج طے کرتا ہوا کسی خاص مقام پر رک گیا تو حضور شہید اعظم ﷺ کو اس خاص مقام کا بھی علم ہے اور رکاوٹ کے سبب کا بھی، بلکہ جس انسان کے دل میں جب بھی اور جو وسوسہ بھی پیدا ہوگا حضور پُر نور ﷺ اُسے جانتے ہیں، اور دیکھتے ہیں۔ اور یہ کمال علم اور وسعت نظر کیوں حاصل ہے، اس لئے کہ آپ نبی ہیں اور یہ سب کچھ نور نبوت سے ہی ملاحظہ فرماتے ہیں۔

مؤمنانہ اور منافقانہ سوچ ۔ ایک پیر فرا محد ثین ہیں

جو حضور پُر نور ﷺ کے اس کمال علم کو لفظ شہید کے حوالے سے بیان فرما رہے ہیں اور ان کے نزدیک اس کی بنیاد نور نبوت ہے اور ایک ہمارے دور کے بعض "پڑھے لکھے" مفسرین ہیں جو "نبی" کی نبوت کا اقرار کر کے بھی اس تمام وسعت علم و نظر کے منکر ہیں بلکہ نبی کے بارے میں اس قسم کے عقیدے کو شرک قرار دیتے ہیں۔ آخر یہ فرق کیوں؟ اس لئے کہ حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہ، حضرت شاہ عبد الرحیم اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہم الرضوان جیسے عاشقانِ رسول کی اولاد میں سے تھے اور عشق و مستی کی فضا میں پرورش پا کر انوار قرآن بلکہ اسرار قرآن سے آراستہ تھے۔ محبوبانِ خدا کے کمالات کا انکار کرنے والے عموماً کسی تاریک فضا میں آنکھ کھولتے ہیں اور ایسے ہی بے نور ماحول میں پرورش پاتے ہیں گویا اگر گھر کے ماحول میں انہیں عشق رسول ﷺ کی کوئی کرن نظر نہیں آتی تو جس "علمی" ماحول میں تربیت حاصل کرتے ہیں وہ بھی بغض رسول ﷺ کی بنا پر اتنا تاریک ہوتا ہے کہ توحید اور ایمان تک بھائی نہیں دیتے۔ ایسی گندہ اور پراگندہ فضا میں شرک و توحید اور کفر و ایمان باہم گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔ اور بسا اوقات اس سڑاند سے بھری ہوئی تاریک فضا سے باہر نکلتے ہیں تو بھی دل کی تاریکیاں اور روح کی ویرانیاں بدستور قائم رہتی ہیں۔ چنانچہ

ان کے چہرے، نحوست کا مینار
ان کے سینے، کھلتوں کے غار
ان کی بولی، تخت ہلا آزار
اور ان کی صحبت، آزار بد بودار۔

ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ (النور ۴۰)

(اندھیرے ہیں، ایک پر ایک) کے یہ عجیب وغلا فرماتے ہیں تو ان کے ایک ایک نکتے پر دل سے آواز آتی ہے۔

ع اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی

خیر چھوڑیے ان بدنصیبوں کا ذکر جو ایمان کے مدعی ہو کر بھی ایمان سے خالی اور توحید کا شور مچا کر بھی توحید سے تہی ہوتے ہیں۔ سچ فرمایا حضرت حسن رضا خاں بریلوی علیہ الرحمہ نے

بدیا نجدیت ہی گندی ہے طبیعت تیری
کفر کیا شرک کا فضلہ ہے نجاست تیری

گواہ ونگہبان : اپنے اہل ایمان کی طرف، وہ قرآن پاک سے سید المحبوبین حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ آپ نے اوپر ملاحظہ فرمایا شہید سے حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا اخذ کیا ہوا سرمایہ محبت وعقیدت۔ بعض دوسرے مفسرین نے "**علیکم**" سے ایک اور نکتہ بھی نکالا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ عربی میں اگر لفظ شہید کا صلہ **علی** ہو یعنی شہید کے ساتھ **علی** آئے تو مراد ہوتی ہے خلاف گواہی دینے والا۔ اس طرح **علیکم شهيداً** کا ترجمہ بنتا ہے تم مسلمانوں کے خلاف گواہی دینے والا۔ حالانکہ ظاہر ہے حضور پر نور ﷺ اپنی امت پر از حد بلکہ خدا کے بعد سب سے زیادہ مہربان ہیں۔ قرآن پاک میں ہے۔

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ (التوبہ۔۱۲۸)

ترجمہ: مسلمانوں پر کمال مہربان ہیں۔

بالیقین جو آقا رحمۃ للعالمین یعنی سب جہانوں کیلئے رحمت بن کے تشریف لایا ہے، وہ اپنی امت کیلئے تو یقینا خدا کے بعد ہر مہربان سے زیادہ مہربان ہے۔ لہٰذا **علی** خلاف گواہی دینے کے مفہوم میں نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اصل بات یہ ہے شہید کے ضمن میں رقیب (محافظ) کا مفہوم بھی شامل ہے اور رقیب کا صلہ **علی** ہی ہوتا ہے۔ اب آیت کے الفاظ

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا

کا ترجمہ وہی ہوگا جو اعلیٰ حضرت مجدد ملت فاضل بریلوی قدس سرہ نے فرمایا ہے۔ یعنی "اور ہوں یہ رسول تمہارے نگہبان و گواہ"

ہاں ہاں حضور پر نور ﷺ کی نگہبانی کا یہ فیض ہے کہ چودہ صدیاں گزرنے کے بعد بھی امت اسلام دشمنوں کی ہزار ہا سازشوں کے باوجود اپنے مرکز سے وابستہ ہے۔ اور اس کی غالب اکثریت کا ایمان محفوظ ہے۔ یہ جو فرمایا گیا تھا۔ **اتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهٗ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِى النَّارِ** (ابن ماجہ)

واللہ!
نبی پاک ﷺ نے فرمایا
مجھے اس بات کا ڈر نہیں کہ تم
میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے

ترجمہ۔ بڑی جماعت کی پیروی کرو اور بیشک جس نے سواد اعظم کو چھوڑا، وہ تنہا ہی دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ اور

يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِى النَّارِ (ترمذی)

ترجمہ۔ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور جو جماعت سے جدا ہو گیا، وہ تنہا ہی آگ میں ڈالا جائے گا۔

یہ حضور پر نور ﷺ کی برکت ہی تو ہے کہ اللہ کا دست قدرت و رحمت اس امت کو مصائب و آلام سے محفوظ رکھتا ہے ہاں ہاں یہ امت اللہ کے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی ہے۔ اللہ کو اس سے بہت پیار ہے اور وہی اس کا محافظ حقیقی ہے مگر قرآن پاک کی رو سے **يَدُ اللّٰهِ** (یعنی اللہ کے ہاتھ) کی ایک خصوصی تعبیر بھی ہے۔ سورۃ الفتح میں ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ (الفتح۔۱۰)

ترجمہ: وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں، وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ تو جماعت پر اللہ کا ہاتھ ہے تو ظاہر ہے اللہ کا ہاتھ بھی ہے اور پیارے مصطفیٰ ﷺ کا ہاتھ بھی۔ گویا اللہ تبارک وتعالیٰ سواد اعظم (یعنی امت کی سب سے بڑی جماعت) کا محافظ ہے اور اس کا

حبیب کریم ﷺ بھی۔ اللہ کے محافظ ہونے کا تو کسی کو انکار نہیں مگر اس کی صورت کیا ہے، یہی نا کہ اس کے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اس امت کے محافظ ہیں، دیکھئے اور غور کیجئے اوپر کے قرآنی جملوں پر، جن کا حاصل یہ ہے کہ حضور پُرنور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت ہونے والے اللہ کے ہاتھ پر بیعت ہو رہے ہیں۔ دیکھنے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہاتھوں پر نبی کریم ﷺ کا ہاتھ ہے مگر یہی تو وہ ہاتھ ہے جسے اللہ تعالیٰ اپنا ہاتھ فرما رہا ہے گویا کوئی اللہ کے دستِ قدرت پر بیعت ہونا چاہے تو کیا کرے اس کے محبوب اعظم ﷺ کے دستِ مبارک پر بیعت ہو جائے۔ یوں ہی اسی کی مزید وضاحت کیلئے قرآن پاک کے ان الفاظ پر بھی غور کیجئے۔

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (الانفال ۱۷)

ترجمہ: اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی تھی۔

حفاظت کی برکات : حضور ﷺ نے مٹھی بھر خاک نہیں پھینکی جب حضور ﷺ نے پھینکی تو پھر کس نے پھینکی اللہ تبارک وتعالیٰ نے۔

ان جیسے ارشادات کو سامنے رکھ کر یہ نتیجہ نکالنا مشکل نہیں کہ حضور پُرنور ﷺ کا دستِ مبارک واقعی اللہ کے دستِ قدرت کا نمائندہ و مظہر ہے۔

> **حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا**
>
> **مجھے تمہارے بارے میں یہ خوف ضرور ہے کہ حصول دنیا میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرو گے۔**

ایک ہی کام بظاہر حضور ﷺ کا ہے، بباطن اللہ تعالیٰ کا، سو حضور ﷺ کی امت کے بڑے گروہ پر بظاہر حضور پُرنور ﷺ کا دستِ رحمت ہے بباطن اللہ تعالیٰ کا، حضور ﷺ بھی اس کے نگہبان ہیں مگر مجازاً اور اللہ تعالیٰ بھی اس کا محافظ ہے مگر حقیقی طور پر۔ سو قرآن پاک نے حضور ﷺ کو علیم، شہید فرما کر جو عقیدہ دیا ہے وہ یہ ہے کہ اللہ کے پیارے رسول ﷺ اپنی پیاری امت کے گواہ بھی ہیں اور محافظ بھی ہیں، اور

جب آپ اپنی امت کے محافظ ہیں تو وہ کیوں نہ رنج و راحت میں اپنے نبی ﷺ کی دہائی دے، اس کی عظمتوں کے گیت گائے، اس کی رحمتوں کے ترانے الاپے، اس پہ نثار ہو ہو جائے، راحت ملے تو اسے رحمۃ للعالمین ﷺ کا صدقہ کہے، دکھ آئے تو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں فریاد کرے۔ حق یہ ہے کہ قرآن کے سکھائے ہوئے یہ عقیدے امت کے رگ و ریشہ میں سمائے ہوئے ہیں اور چودہ صدیاں گزرنے کے باوجود یہ پرانے نہیں ہوئے، وقت کے فرعونوں نے اپنی اپنی قوت صرف کر دی نبی کریم ﷺ سے امت کا رابطہ توڑنے کیلئے مگر چند احمق لوگوں کے سوا کسی پر ان کا تیر نہ چلا، شیطان نے اپنے سارے چیلے چانٹوں کو امت کے دل سے نبی ﷺ کا پیار نکالنے پر لگا دیا مگر کامیاب نہ ہوا۔ حضرت اقبال علیہ الرحمہ کے بقول ابلیس لعین کی اپنے شاگردوں کیلئے سب سے بڑی تلقین یہی ہے کہ

وہ فاقہ کش جو موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روحِ محمد ﷺ اس کے بدن سے نکال دو

مگر حق یہ ہے کہ جس امت کی حفاظت حضور پُرنور ﷺ فرما رہے ہیں، اس کو کیا خطرہ ہو سکتا ہے۔ کتنی عجیب حقیقت ہے کہ موسیٰ علیہ السلام چند روز کیلئے کوہ طور پر چلے گئیں اور ان کی امت حضرت ہارون علیہ السلام کے موجود ہوتے ہوئے بھی اور ان کے روکنے کے باوجود بھی بچھڑے کو معبود بنا لے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہت سے دلکشا معجزات دکھا کر آسمان پر چلے جائیں تو عیسائی امت دیکھتے ہی دیکھتے توحید سے دست بردار ہو کر تثلیث کا شکار ہو جائے، ایک یہ اللہ کے محبوب اعظم ﷺ ہیں کہ صدیاں بیت گئیں امت کے عقائد و نظریات بحمدہ تعالیٰ روز اول کی طرح محفوظ ہیں۔ شیطان نے اس صورت حال کو دیکھا تو جان گیا کہ نبی ﷺ کی حفاظت و نگہبانی کے مقابلے میں ساری چالیں بیکار ہیں تو کچھ خود سر و خود پسند لوگوں کو گستاخیٔ رسول پر آمادہ کر لیا اور اپنے ان انسانی شاگردوں کے ذریعے یہ تصور عام کرنے کی کوشش کی کہ نبی دور سے دیکھتے نہیں، دور کی سنتے نہیں، کسی کے کام نہیں آ سکتے، کسی قسم کا اختیار نہیں رکھتے اور انہیں دیکھئے، سنتے کام آنے والا

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] میں اپنے ماننے والوں کو تسلی دی کہ

انی واللہ ما اخاف علیکم ان تشرکوا بعدی

ولکن اخاف علیکم ان تنافسوا فیہا [illegible]

ترجمہ: واللہ مجھے اس بات کا ڈر نہیں کہ تم میرے بعد مشرک ہو جاؤ گے۔ لیکن مجھے تمہارے بارے میں یہ خوف ضرور ہے کہ حصول دنیا میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرو گے۔

دیکھئے، حضور پُرنور ﷺ قسم کھا کر امت کے مشرک نہ ہونے کی گواہی دے رہے ہیں۔ انہیں انہیں، یہ فرمان "الصادق [illegible] [illegible] کر کفر نہیں کرے گی یا اتفاق سے بچی رہے گی۔ خصوصیت سے شرک نہ ہونے [illegible] امت کے معمولات کو شرک سے تعبیر کرتا تھا۔ اللہ کے پیارے حبیب ﷺ جن سے ماضی، مستقبل کی بھی کوئی بات پوشیدہ نہیں ہے گویا انہیں پیش نظر فرما رہے ہیں کہ اس قسم کے لوگ جماعت کی عاشقانہ مستانہ اداؤں کو شرک کہیں گے۔ خود ہی ایمان اور توحید کے نور سے خالی ہوں گے، ورنہ مجموعی طور پر امت مسلمہ ایمان و اسلام پر قائم ہی رہے گی۔ پوری امت کو مشرک کہنے والے لوگ پوری امت کے مقابلے میں آٹے میں نمک کے برابر بھی نہیں، ان کا بدلنا اور ان کا بگڑنا بھی دراصل اسی لئے ہے کہ انہوں نے گستاخی و بے ادبی کا ارتکاب کر کے حضور پاک ﷺ کے حفاظتی حصار سے باہر پھلانگ کر اور شیطان کے چنگل میں آ گئے۔ [illegible] لاکثر حکم الکل (اکثریت [illegible] کا حکم [illegible]) [illegible] ہیں جنہیں کافر کہہ لیں، منافق کہہ لیں، مشرک کہہ لیں یا مرتد کہہ لیں، کیونکہ انہوں نے حضور ﷺ کے ادب سے منہ موڑا اور ہمیشہ کیلئے مردود ہو گئے۔ حق یہ ہے کہ شیطان اپنے بندوں کو اسی راہ سے تباہ و برباد کرتا ہے اسکی اپنی [illegible]

[illegible] جاتا ہے اور معلم الملکوت (یعنی فرشتوں کا اُستاد) ہونے کے باوجود وہ مردود و رجیم قرار پاتا ہے۔ چنانچہ وہ اپنے ہم مزاج لوگوں کو پہلے متکبر کرتا ہے پھر انہیں اللہ کے پاک بندوں کی ہمسری کا دعویٰ سکھاتا ہے پھر ان کے تمام امتیازی اوصاف و کمالات کے انکار پر انہیں کمربستہ کرتا ہے اور جب تک انہیں اپنی طرح راندہ درگاہ نہ کرا لے، چین سے نہیں بیٹھتا۔

مختصر یہ کہ حضور پُرنور ﷺ اپنی امت کے گواہ اور نگہبان ہیں۔ حضور پُرنور ﷺ کی نگہبانی کی یہ برکت ہے کہ امت کا سواد اعظم گمراہی سے محفوظ ہے اور سواد اعظم سے کٹ کر جو لوگ ادھر اُدھر ٹامک ٹوئیاں مارتے ہیں جس طرح امت کے مجموعی طور پر ایمان قائم رہنے کی بار بار مختلف الفاظ میں پیشگوئی کی گئی ہے یونہی ان دوسروں کے گمراہ ہونے کی صراحت بھی ہو چکی ہے۔ چنانچہ ایک جگہ یوں فرمایا،

من فارق الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام من عنقہ (احمد، ابوداؤد)

[illegible]

ایک اور حدیث پاک میں نہایت دوٹوک انداز اختیار کیا گیا ہے۔ یہ تفسیر [illegible] ماجلیں سے (اردو ترجمہ)

[illegible] اللہ ﷺ [illegible] سے ایک یہ ہے کہ ایسا آدمی ہوگا جو قرآن مجید پڑھے گا حتیٰ کہ وہ قرآن کی [illegible] اللہ تعالیٰ اُسے کسی ایسے عیب یعنی زعم میں مبتلا کر دے گا کہ قرآنی اثرات سے محروم ہو جائے گا۔ پھر وہ شخص قرآن کو پس پشت ڈال کر اور گردن کے مسلمان لوگوں پر انہیں مشرک کہتے ہوئے تلوار کھینچے گا۔ میں نے پوچھا ان [illegible] مشرک [illegible] حضور ﷺ نے فرمایا دوسرے کو مشرک کہنے والا خود مشرک ہوگا۔

[illegible]اعیوں کی نشان دہی

[illegible]

... وفی نجدنا ... [illegible] ... هناك الزلازل والفتن ومنها يطلع قرن الشيطان (...)

[illegible]

ومن يعظم شعائر الله فإنها من تقوى القلوب (... ۳۲)

ترجمہ: اور جو اللہ کے نشانوں کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کی پرہیزگاری سے ہے

فی الواقع یہ مسجدوں، مزاروں اور مسلمانوں کو شہید کرنے والے لوگ قلبی تقویٰ سے محروم تھے، ان کا تقویٰ زیادہ سے زیادہ شکل و صورت

[illegible]

[illegible] ... سی عامل نہیں ہو سکتا

[illegible]

(... ص ۹۹)

ترجمہ: چونکہ نبی اپنی امت کی حفاظت میں شبان کی طرح ہیں تو پھر غفلت منصب نبوت کے مناسب نہیں۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اللہ کا نبی ﷺ اپنی امت سے غافل ہو جائے تو وہ بھی غیر محفوظ ہو جائے [illegible]

ایک یہ نقطہ نظر کہ امت سے ایک لمحے کیلئے غافل ہونا بھی منصب نبوت کے

لائق نہیں، اور دوسرا یہ کہ نبی کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں ہوتا اور اگر دیوار کے

پیچھے کا علم [illegible]

[illegible]

حضور ﷺ کسی وقت بھی امت کے حال سے غافل نہیں بلکہ ہر

وقت اس کی حفاظت فرماتے ہیں، تو ظاہر ہے [illegible]

[illegible] نبی ﷺ [illegible]

خلق کے داد رس، سب کے فریاد رس

کہف روز مصیبت پہ لاکھوں سلام

چونکہ یہ حفاظت امت منصب نبوت کا تقاضا ہے اس لئے

فریاد امت جو کرے حال [illegible]

ممکن نہیں کہ خیر البشر کو [illegible]

حضور پر نور ﷺ ساری مخلوق کے اسی طرح رسول ہیں۔ جس

[illegible]

أُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً۔ (مسلم شریف)

[illegible]

بلکہ قرآنی الفاظ رحمۃ للعالمین اور نذیراً للعالمین میں بھی یہ مفہوم

شامل ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ آپ کے دائرہ بعثت میں انسانوں [illegible]

نہیں بلکہ سارے انسان بلکہ ساری مخلوق داخل ہے یہاں تک کہ انبیاء

کرام اور رسل عظام علیہم السلام بھی شامل ہیں گویا آپ رسولوں کے رسول

ہیں اور نبیوں کے نبی علیہم الصلوٰۃ والسلام۔ ان سب کو حضور ﷺ کے رحمت

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] لیا سب انبیاء کے نام تک مذکور نہیں ہوئے اور جن

کے نام آئے ان کے بھی چند ضروری واقعات ہی بیان کئے گئے، تفصیلی

سوانح نہیں اور نہ ایسا ممکن [illegible]

[illegible] سے بھی عقائد و مسائل اخذ کرنے میں سب برابر [illegible]

تفسیرات و تشریحات میں بھی سب برابر نہیں۔ پھر یہ بھی ممکن بلکہ واقع ہے کہ

کسی زمانے میں تفسیر و حدیث کی بعض کتابیں عام ملتی ہوں، اور کسی بعد کے

[illegible] گئی۔ یہ ساری باتیں عرض کرنے کا مقصد یہ ہے

صحابہ کرام، تابعین اور ائمہ مجتہدین رضی اللہ عنہم کا کوئی ارشاد مل جائے تو وہ

بھی ہمارے لئے حجت ہونا چاہئے اگرچہ اس کے اصل ماخذ کا ہمیں علم نہ ہو۔

امام اعظم کا عقیدہ

[illegible] رہے، اس سلسلے میں

حضرت سیدنا امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لکھا ہوا قصیدہ النعمان ہمارے

[illegible] لوگ جو [illegible] بات میں صحاح ستہ کے حوالے کا مطالبہ کرتے

[illegible] یہ ان کے ذوق کی چیز نہیں، لیکن میں عرض کر دوں وہ تابعین سے جسے

امام اعظم کہا جاتا رہا ہے۔ وہ کسی معمولی شخصیت بھی نہیں کہ مادشا خواہ خواہ

[illegible] کر سکیں۔ غیر مقلدین میں بہت بہت لوگوں کی کمی نہیں

مگر ان کے علاوہ ایسے بھی ہیں جنہوں نے ان بزرگوں کی عظمت کا اعتراف

کیا ہے اور اسے بڑی سعادت سمجھا ہے۔ مثلاً تاریخ اہلحدیث میں مولانا محمد

ابراہیم میر صاحب سیالکوٹی فرماتے ہیں۔

"ہر چند کہ میں سخت گنہگار ہوں لیکن یہ ایمان رکھتا ہوں اور

اپنے صالح اساتذہ جناب مولانا ابو عبداللہ عبیداللہ غلام حسن صاحب مرحوم

[illegible]

... تک پہنچ چکی ہے کہ بزرگانِ دین خصوصاً حضرات
متبوعین رحمہ اللہ سے حسن عقیدت نزول برکات کا ذریعہ ہے۔ اس لئے
بعض اوقات خدا تعالیٰ اپنے فضلِ عمیم سے کوئی فیض اس ذرہ بے مقدار پر
نازل کر دیتا ہے۔ اس مقام پر اس کی صورت یوں ہے کہ جب میں نے اس
مسئلہ کیلئے کتب متعلقہ الباری سے نقلیں اور حضرت امام صاحب کے متعلق
مقالات [illegible]
آ گیا۔ جس کا ظاہری طور پر یہ ہوا کہ دن دوپہر کے وقت جب سورج
پوری طرح روشن تھا۔ یکایک میرے سامنے گھپ اندھیرا چھا گیا گویا
ظلمت بعضها فوق بعض [illegible]
میرے دل میں ڈالا کہ یہ حضرت امام صاحب سے بدظنی کا نتیجہ ہے اللہ
[illegible]
فوراً کافور ہو گئے اور ان کی بجائے ایسا نور چمکا کہ اس نے دوپہر کی روشنی کو
مات کر دیا۔ اس وقت سے میری حضرت امام صاحب سے حسن عقیدت اور
زیادہ بڑھ گئی اور میں ان شخصوں سے جن کو حضرت امام صاحب سے حسن
عقیدت نہیں کہا کرتا ہوں کہ میری اور تمہاری مثال اس آیت کی مثال ہے کہ
حق تعالیٰ منکرین معارج قدسیہ آنحضرت ﷺ سے خطاب کر کے فرماتا ہے
افتمارونه علی ما یری میں نے جو کچھ عالم بیداری اور ہوشیاری میں دیکھ لیا
اس میں مجھ سے جھگڑا کرنا بے سود ہے۔ ہداہ اللہ الی الہدایۃ۔ (۵۱-۵۲)

اسی کتاب میں لکھا ہے کہ حافظ ذہبی نے امام ابو حنیفہ کو امام اعظم
کہا ہے اور امام یحییٰ بن معین نے فرمایا امام ابو حنیفہ میں کوئی عیب نہیں اور
آپ کسی برائی سے متہم نہیں۔ (ص [illegible])

نوٹ:۔ صلعم لکھنا بدعت ہے پورا ﷺ لکھنا چاہیے

حضرت امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت و رفعت غیر مقلد
محقق علامہ محمد ابراہیم میر صاحب کی تحریر کے آئینے میں دیکھنے کے بعد آیئے
اب آپ کے چند اشعار کا مطالعہ کریں۔ آپ حضور ﷺ کی بارگاہ بیکس پناہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(خلیل اللہ نے حضرت کے صدقے سے دعا جب کی تھی آپ ہی کے
[illegible])

[illegible]

[illegible]

(پکارا آپ کو ایوب نے جوشِ مصائب میں ہوئے غم دور سارے چھٹ گئے
آلام کے طوفان)

[illegible]

بک فی القیامۃ [illegible]

(کلیم اللہ دنیا میں سدا حضرت کے تھے متوسل قیامت میں بھی حضرت ہی کا
تھامیں گے سر داماں)

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
رسول اور رحمۃ للعالمین جانتا ہے۔ مخلوق میں آپ کو آخری امید گاہ سمجھتے
ہوئے فریاد کرتا ہے۔ اور دیکھا جائے اور غور کریں تو ظاہر ہے انبیائے کرام
[illegible]
آپ کی رحمت عامہ اور داد رسی و فریاد رسی کا تعارف بھی کراتے تھے۔ چنانچہ
[illegible]
[illegible] جناب مسیح
علیہ السلام کے ایک دعا سے متاثر ہو کر لوگ پکار اٹھے۔

O god! send us thy messenger O
Muhammad , come quickly for the
salvation of the world (Chapter 97)

[illegible]
کیلئے جلدی تشریف لایئے۔

درسِ قرآن

تاجدارِ صداقت

غلام مصطفیٰ مجددی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible]

❁ "پس جس شخص نے دیا اور پرہیزگاری اختیار کی اور اچھی باتوں

کی تصدیق [illegible]

❁ [illegible]

❁ اور وہ (بڑی) عنقریب ان (ایرانیوں) پر غلبہ حاصل کر لیں گے

❁ "اور سابقون اولون مہاجرین اور انصار میں سے اور جن

لوگوں نے ان کی اچھے طریقے سے پیروی کی، اللہ اُن سب پر راضی ہوا اور وہ

اللہ سے راضی ہوئے۔ (سورۃ التوبہ)

❁ جب کفار نے انہیں مکہ سے باہر نکال دیا تو اس وقت

دو میں دوسرا جب وہ دونوں غار میں تھے، جب ایک دوسرے کو فرما رہا تھا، غم

نہ کر [illegible]

[illegible]

❁ قرآن کریم [illegible] آیات قدسیہ میں حضرت سیدنا [illegible]

صداقت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے [illegible]

کی تصدیق، [illegible] اور رب العالمین [illegible]

❁ پہلی آیت مبارکہ فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ

بالحسنیٰ کے بارے میں علامہ ابن الحسن طبری شیعی نے لکھا ہے: "ابن

[illegible]

[illegible] یا جو مسلمان ہو چکے تھے، جیسا کہ حضرت

بلال اور عامر بن فہیرہ وغیرہ اور پھر ان کو آزاد کر دیا [illegible]

❁ : دوسری آیت مبارکہ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یُقۡرِضُ اللّٰہَ قَرۡضًا

حَسَنًا کے بارے میں علامہ ابن الحسن طبری شیعی نے لکھا ہے "جب یہ

[illegible]

[illegible] خطیب نے کہے، کہا جاتا ہے کہ حضور نبی

ﷺ [illegible]

قرضِ حسنہ دینے کی دعوت دینے کیلئے یہودیوں کے قبیلہ بنی قینقاع کی

طرف بھیجا۔ وہاں ایک شخص فنحاص بن عازوراء کہنے لگا، اگر تو اپنے کلام میں

سچا ہے تو یہ معلوم ہوا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں [illegible]

تو ہم سے مال کیوں طلب کرتا، اس کی یہ (گفتگو) سن کر ابوبکر کو غصہ آ گیا

اور آپ نے اس کے منہ پر طمانچہ دے مارا، اس مقام میں یہ آیت مبارکہ

[illegible]

❁ تیسری [illegible] وَهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ غَلَبِهِمۡ سَيَغۡلِبُوۡنَ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

آنکھوں پر ہاتھ پھیرا تو انہیں بھی سب کچھ نظر [illegible] رسول اللہ

[illegible] پس اُن سے اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا تم صدیق ہو"

[illegible]

[illegible]

[illegible] جنت کے بلند ترین [illegible]

[illegible] پہلے اسلام قبول کرنے والے ہیں [illegible]


[illegible]

[illegible] ذاخرجة النبي كمرزا كي

[illegible]

اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہجرت کی رات حضور ﷺ غار ثور میں تھے تو آپ نے حضرت ابوبکر سے فرمایا، میں جعفر طیار اور ان کے ساتھیوں کو کشتیوں میں بیٹھے دیکھ رہا ہوں، اور انصار کو اپنے گھروں میں بیٹھے دیکھ رہا ہوں، حضرت

> آپ کا بوجھ اٹھایا، آپ کے ساتھ معاہدوں میں ثابت قدم رہے، وہ جنت میں آپ کے ساتھیوں میں سے ہوں گے



پاسدارِ رسالت

علامہ مصطفیٰ مجددی

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نے

حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو

خلافت کا اہل سمجھا

اور

ان سے راضی رہا

بلا عقیدت بیعت کیا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضور رحمۃ للعالمین ﷺ نے فرمایا:

- ابوبکر کو (میرا) حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ (مسند و رسول)
- جس قوم میں ابوبکر ہوں، انہیں یہ لائق نہیں کہ ان کی امامت ابوبکر کے سوا کوئی اور کرے۔ (ترمذی)
- ابوبکر تم غار میں میرے ساتھی اور حوض پر میرے ساتھی ہو۔ (ترمذی)
- [illegible]
(ابوداؤد)
- [illegible]
[illegible]
- [illegible]
(ترمذی)

حضرت ابوبکر صدیق قطعی جنتی ہیں بلکہ اہل جنت کے محبوب ہیں۔ اور حوض کوثر کے ساتھی ہیں۔

اشارات

- ان احادیث مبارکہ میں حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفاداری، پاسداری اور صاحب رسالت ﷺ کی آپ سے غمگساری روز روشن کی طرح عیاں ہے۔
- [illegible]
- [illegible] حکم دیا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔۔۔۔ بے شک ابوبکر نے لوگوں کو دو دن کی نمازیں پڑھائیں، پھر حضور کا وصال ہو گیا۔ ([illegible] ص ۲۲۵)
- [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا حضور ﷺ نے

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[illegible]

[illegible]

❁ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ ﷺ کے بنائے [illegible]

❁ [illegible] ہوئے امام ابوبکر صدیق کو امام برحق [illegible] ایمان کے قائل تھے۔ (احقاق حق ص ۱۶)

❁ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور دیگر اہل بیت اطہار نے امام [illegible]

❁ [illegible] خلافت کا علمبردار سمجھا اور اُن کے روشن کردار کو سلام عقیدت پیش [illegible]

فرمایا:

❁ "ثم استخلف الناس ابا بکر ثم استخلف ابوبکر عمر واحسنا السیرۃ وعدلا فی الامۃ"

❁ یعنی حضور کے بعد لوگوں نے ابوبکر کو خلیفہ بنایا اور انہوں نے اپنے بعد عمر کو خلیفہ بنایا، وہ دونوں عمدہ سیرت کے مالک اور امت میں عدل کرنے والے تھے، وہ ہم آل رسول سے پوچھے بغیر خلیفہ بن گئے [illegible] یہ ہمارا حق تھا لیکن ہم نے اُن کو معاف کر دیا۔ (واقعہ صفین ص ۱۳۹)

❁ مذکورہ روایت شیعی کتاب میں موجود ہے، آخری الفاظ شیعہ حضرات کی اختراع معلوم ہوتے ہیں، لیکن اگر حضرت علی المرتضیٰ نے ایسا فرمایا ہے تو بھی انہوں نے معاف کر دیا ہے، ہر قسم کی شکایت دور کر لی ہے، اب کسی مومن کو کوئی حق نہیں پہنچتا کہ وہ حضرت ابوبکر و عمر کی ذاتِ مقدسہ پر اعتراض کرے۔ اُن کے اعلیٰ کردار اور عدل و انصاف کی گواہی خود حضرت علی [illegible]

❁ [illegible] دنیا کا پیشوا نہیں ہو سکتا [illegible] ﷺ [illegible]

❁ حضرت ابوبکر صدیق قطعی جنتی ہیں بلکہ اہل جنت کے محبوب ہیں۔ اور حوض کوثر کے ساتھی ہیں۔

❁ [illegible] زبان رسالت نے ان کو [illegible]

❁ حضرت صدیق کی رفاقت کتنی عظیم ہے، دنیا میں ساتھ رہے، قبر میں ساتھ ہے، جب حشر برپا ہوگا تو پھر بھی حضور شفیع محشر ﷺ کے ساتھ [illegible]

کون کہتا ہے کہ ہم تم میں جدائی ہوگی
یہ ہوائی کسی دشمن نے اڑائی ہوگی

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
کی رفاقت کتنی عظیم ہے، دنیا میں ساتھ رہے،
قبر میں ساتھ ہے، جب حشر برپا ہوگا
تو پھر بھی حضور شفیع محشر ﷺ کے ساتھ
رہیں گے۔

قیامت کا ایمان افروز منظر

مفتی محمد منتی

میدان محشر: قیامت کے دن ... کا نہیں بلکہ روح و جسم دونوں کا ہے۔ دنیا میں جو روح جس جس جسم کے ساتھ متعلق رہی اس روح کا حشر اسی جسم میں ہوگا۔ یہ نہیں کہ کوئی نیا جسم پیدا ... مرنے کے بعد متفرق ہوگئے اور مختلف جانوروں کی غذا بن گئے ہوں گے مگر اللہ تعالیٰ ان سب اجزاء کو جمع فرما کر قیامت کے دن اٹھائے گا۔ قیامت کے دن لوگ اپنی اپنی قبروں سے ننگے بدن، ننگے پاؤں اور ناختنہ شدہ اٹھیں گے۔ کوئی پیدل کوئی سوار اور ان میں سے بعض تنہا سوار ہوں گے اور کسی سواری پر دو، کسی پر تین، کسی پر چار، کسی پر دس ہوں گے۔ کافر منہ کے بل چلتا ہوا میدان حشر کو جائے گا، کسی کو ملائکہ گھسیٹ کر لے جائیں گے ... آگ جمع کرے گی۔ یہ میدان حشر ملک شام کی سرزمین پر قائم ہوگا، زمین ایسی ہموار اور شفاف ہوگی کہ اس کے ایک کنارہ پر اگر رائی کا دانہ گر جائے تو دوسرے کنارے سے دکھائی دے۔ اس دن زمین تانبے کی ہوگی اور آفتاب ایک میل کے فاصلے پر ہوگا، سروں کے اندر بھیجے کھولتے ہوں گے اور پسینہ ... سے نکلے گا ...

> میدان حشر ملک شام کی سرزمین پر قائم ہوگا، زمین ایسی ہموار اور شفاف ہوگی کہ اس کے ایک کنارہ پر اگر رائی کا دانہ گر جائے تو دوسرے کنارے سے دکھائی دے

... پی سکے گی وہ اوپر چڑھے گا۔ کسی کے ٹخنوں تک ہوگا، کسی کے ... تک، کسی کی کمر تک، کسی کے سینہ تک، کسی کے گلے تک اور کافر کے منہ تک چڑھ کر اسے مثل لگام کے جکڑے گا۔ جس میں وہ ڈبکیاں کھائے گا۔ زبانیں سوکھ کر کانٹا ہو جائیں گی، دل ابل کر گلے کو آ جائیں گے۔ کسی کا پرسان حال نہ ہوگا۔ بھائی سے بھائی بھاگے گا، ماں باپ اولاد سے پیچھا چھڑائیں گے۔ بچے ... غم کے بوڑھے ہو جائیں گے حمل والی کا حمل ... اسی حالت میں اہل محشر اپنے سفارشی تلاش کریں گے ... سے چھٹکارا حاصل کرسکیں۔ سب مل کر حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے لیکن حضرت آدم علیہ السلام فرمائیں گے تم کسی اور کے پاس جاؤ پھر لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ ...

شفاعت: ... دعا، سفارش اور سفارش کرنے والے کو ... سفارش کرنے والے کی ضرورت اس وقت ... جب انتہائی خوف اور مصیبت کا وقت ہو۔ جس کا مقدمہ پیش ہونے والا ہو وہ کمزور بھی ہو اور خائف بھی ہو۔ یہ صورت دنیوی امور اور آخرت کے امور میں پیش آسکتی ہے ... یا جرم کیلئے سفارش کرنا۔ عدلیہ اور مقننہ کے سلسلے میں سفارش سے متعلق بہت کم ... شفاعت ... میں ... کر

قیامت کے سلسلے میں مخصوص ہے اور قرآن مجید میں بھی یہی مفہوم ملتا ہے۔

(مختصر اردو دائرہ معارف اسلامیہ دانش گاہ پنجاب لاہور ص ۴۵۹)

مقام محمود

[illegible]

عسیٰ ان یبعثک ربک مقاماً محمودا

(بنی اسرائیل۔ ۷۹)

ترجمہ: عنقریب تیرا رب تجھے مقام محمود میں کھڑا کرے گا۔

حافظ عماد الدین ابوالفداء اسماعیل بن عمر بن کثیر علیہ الرحمہ نے اس آیت کریمہ کی تفسیر اس طرح بیان کی ہے کہ [illegible] اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن سب سے پہلے زمین سے نبی کریم ﷺ باہر آئیں گے اور سب سے پہلے شفاعت آپ ﷺ ہی کریں گے۔

اہل علم کہتے ہیں کہ یہی مقام محمود ہے جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول مقبول ﷺ سے کیا ہے۔ بے شک حضور ﷺ کو بہت سے بلند [illegible]

[illegible] آئیں گے اور شفاعت عظمیٰ اس کے بعد واقع ہو گی۔ لوگ شفاعت کی غرض سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام، پھر نوح علیہ السلام، پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے مگر یہ سب بزرگ انکار کر دیں گے۔ پھر لوگ سید عالم ﷺ کی [illegible] شفاعت [illegible] چنانچہ [illegible]

[illegible] شفاعت سے واپس لوٹا دیے جائیں گے [illegible]

آپ ﷺ کی شفاعت سے کم درجے کے جنتی اعلیٰ اور بلند درجے پائیں گے۔ آپ ﷺ ہی صاحب وسیلہ ہیں جو جنت کی سب سے اعلیٰ منزل

... آپ ﷺ کے سوا کسی اور کو نہیں ملے گی۔

[illegible]

[illegible]

70 [illegible]

[illegible]

... میں نے دیکھا کہ ایک بڑی

[illegible] آپ ﷺ کی امت

اور ان میں آپ ﷺ کے 70 ہزار وہ غلام موجود ہیں جو [illegible]

جنت میں داخل ہوں گے اور آپ ﷺ کا ایک صحابی جس کا نام عکاشہ ابن

محصن تھا، کھڑا ہو گیا۔ عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میرے حق میں دعا فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ مجھے ان لوگوں میں سے کر دے، حضور ﷺ نے دعا فرمائی، اے

اللہ تعالیٰ میرے جان نثار صحابی عکاشہ رضی اللہ عنہ کو میرے ان غلاموں میں

[illegible]

... ت میں داخل فرمائے گا۔ پھر

... عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میرے حق

[illegible]

شفاعت کا زیادہ حقدار

[illegible]

... کس کا؟ حضور ﷺ نے فرمایا اے ابوہریرہ میں

سمجھ گیا ہوں تم سے پہلے یہ بات کوئی مجھ سے پوچھنے نہیں آئے گا کیونکہ تم کو میری

[illegible]

(شفا جلد اول ص ۱۲۸)

درود پاک پڑھنے والوں کی شفاعت

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا

[illegible]

میرا امتی مجھ پر جمعۃ المبارک کی شب و روز کو مجھ پر درود بھیجے گا روز حشر میں

اس کی شفاعت کرنے والا ہوں گا۔ (جامع صغیر جلد اول ص ۵۲)

[illegible] صدیق اکبر [illegible]

[illegible] سیرت کے چند گوشے

پروفیسر محمد حسن [illegible]

[illegible]

[illegible]

ہے آپ کی سیرت، عقائد و افکار، عادات [illegible]

امت مسلمہ کیلئے سب سے بڑی حجت ہیں۔ [illegible]

زندگی طرز فکر اور انداز عمل کے چند پہلو پیش [illegible]

حکمرانوں، صوفیوں، عالموں اور عام لوگوں کیلئے روشنی کا سامان

ایمان کامل [illegible]

[illegible]

[illegible]

لو وزن ایمان ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ

بایمان جمیع المومنین لرجح ایمان [illegible]

[illegible]

رضی اللہ عنہ کا ایمان تولا جائے تو آپ کے ایمان کا وزن زیادہ ہوگا۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

آسمان میں اس کا نام صدیق ہے جب حضرت صدیق رضی اللہ عنہ حضور

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اشرف کلمۃ فی التوحید قول ابی بکر

الصدیق سبحان من لم یجعل للخلق سبیلا الا

بالعجز عن معرفتہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

جو لوگ رسول مان کر حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کے کمالات رسالت کے منکر ہیں

آخر وہ حضور کو رسول کس دلیل سے مانتے ہیں اور کس حد تک مانتے ہیں؟

[illegible] اسی لاصدقه فیهم هو [illegible] من ذلک الصدقه [illegible] السماء فی [illegible]

[illegible]

کی اس روایت کے آخری الفاظ ہیں فلذلک سُمی ابوبکر الصدیق [illegible]

[illegible]

حتوال [illegible] ابوبکر صدیق [illegible]

[illegible]

لوگ رسول مان کر حضور رحمۃ للعالمین ﷺ کے کمالات رسالت کے منکر [illegible]

[illegible]

دلیل کی ضرورت نہیں جیسا کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ [illegible]

[illegible]

ان کے ایمان کی اصل وجہ بھی معجزہ نہیں ہوتی بلکہ ان کے اندر حق قبول کرنے والی فطرت انھیں ایمان پر ابھارتی ہے اور معجزہ ظاہری سبب بن جاتا ہے۔

[illegible]

خوشبو (دوسرے انسانوں کو) اپنی طرف کھینچتی ہے

عشق حبیب خدا علیه التحیه والثنا [illegible]

سب سے بڑی پہچان سید عالم نور ﷺ [illegible]

[illegible]

ہم پر کسی کا ایسا
احسان نہیں جس کا بدلہ
ہم نے چکا نہ دیا ہو سوا
ابوبکر کے اس کا ہم پر وہ احسان ہے
جس کا صلہ [illegible]
اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا

ہے۔ متعدد روایات و احادیث [illegible]
مجسم کی یکجا ہوگئی۔

محمد ﷺ ہے متاع عالم ایجاد سے پیارا
[illegible] مال و اولاد سے پیارا

سیدنا صدیق [illegible]

عشق حبیب ﷺ [illegible] قریش [illegible]

لوگوں نے شمع رسالت کو بجھانے کا پروگرام بنایا، آپ نے پروانہ وار دفاع

[illegible]

صدیق [illegible] ﷺ [illegible]

[illegible]

وقت تو اول سے آخر تک اسی جذبۂ عشق [illegible]

[illegible]

حرکت نہ کرنا۔ تاکہ حضور محبوب کریم ﷺ کے

آرام میں خلل واقع نہ ہو۔ حضور رحمۃ العالمین کا

لعاب دہن شریف لگانا اور درد کا بند ہونا [illegible]

میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی روایت سے درج ہے۔

[illegible]

چالیس ہزار درہم تھے جو سب اسلام پر [illegible]

عن هشام بن عروة عن ابيه قال اسلم ابوبكر وله اربعون الفا انفقها كلها على رسول الله ﷺ وفي سبيل الله


[illegible]

[illegible] نے اسلام قبول [illegible] اللہ کی راہ میں خرچ کئے۔

چنانچہ خود حضور سراپا نور ﷺ نے فرمایا:

إنّ من أمنّ الناس علي في ماله وصحبته ابابكر (بخاری)

ترجمہ۔ سب لوگوں سے زیادہ احسان مال و صحبت میں [illegible] رضی اللہ عنہ کا ہے۔ نیز فرمایا:



مالاحد عندنا يد الا قد كافيناه ما خلا [illegible] يكافئه الله بها يوم القيامة وما نفعني مال احد قط ما نفعني مال ابي بكر

[illegible]

[illegible] استیعاب میں ہے۔

واعتق ابوبكر سبعة كانوا يعذبون في الله منهم بلال وعامر بن فهيره

[illegible] سات لوگوں کو آزاد کیا [illegible] بلال اور عامر [illegible] اسحاق نے لکھا ہے کہ آپ کے [illegible]

[illegible] حضور سرور کائنات ﷺ کی خدمت [illegible] حضور ﷺ کی بارگاہ میں پیش کی [illegible]

گفت ما دو بندگان کوئے تو
کردمش آزاد ہم بر روئے تو

مثنوی شریف

[illegible]

ہیں میں اسے حضور کے سامنے ہی آزاد کرتا ہوں۔

غیرتِ عشق [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] واسی واللہ لاری وجوھا وانی لاری

استوایا من الناس خلیقا ان یفروو یدعوک

ترجمہ: میں واللہ بہت سے چہرے دیکھ رہا ہوں اور یہ چلے

[illegible]

تمہیں چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اس [illegible]

[illegible]

اُمصص بظر اللات انحن نفرعنہ وندعہ

ترجمہ۔ تو لات کی شرمگاہ چوس، کیا ہم حضور کو چھوڑ کر بھاگ

جائیں گے۔ یہ عرب کے نزدیک سخت گالی ہے مگر غیرت عشق نے گستاخ

[illegible]

جنگ بدر میں آپ کے صاحبزادے عبدالرحمن فوج میں تھے۔

بعد میں مسلمان ہوئے تو ایک بار عرض کرنے لگے۔ ابا جان! آپ بدر میں کئی

دفعہ میری زد میں آگئے تھے میں نے باپ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ عاشق صادق نے

[illegible]

افسوس آج ہم نے یہ سچے ایمان کے سبق فراموش کر دیے ہیں

دنیوی مفادات کو ترجیح دیتے ہیں اور دین و مذہب کے بارے میں بہت

ڈھیلے ہو گئے ہیں۔ حضور سید عالم ﷺ کی غیرت نہ ہو گی تو دین کی غیرت

کہاں۔ حضرت سیدنا صدیق اکبر بانی سلام اور اسلام کی غیرت سے مالا

مال تھے۔ چنانچہ [illegible] ﷺ [illegible]

نبوت کو جس طرح دبایا بلکہ مٹایا بعد کے حکمرانوں کیلئے بہترین مثال ہے۔

[illegible]

کے پروانوں نے اس کی چوں نہ جانے دی۔

[illegible]

[illegible]

[illegible] غنی سکتفر [illegible]

[illegible]

کا مشورہ دیا تو جواب میں آپ نے [illegible]

اجبار فی الجاھلیۃ وخوار فی الاسلام

انہ قد انقطع الوحی وتم الدین اینقص وانا حی

[illegible]

ترجمہ۔ (اے عمر!) کیا تم جاہلیت میں دلیر تھے اور اسلام میں

بزدل ہو گئے ہو سمجھو کہ وحی بند ہو گئی ہے اور دین مکمل ہو چکا ہے۔

کیا میرے جیتے جی (دین میں) کمی کی جائے گی۔

ایسا ہی جواب حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے

[illegible]

[illegible] کے حکمران بھی حضور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

[illegible] دین حق کے حافظ بن جائیں۔

مظہر رسول [illegible]

[illegible]

ﷺ کے ارشاد سے روگردانی برداشت نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ پہلا خطبہ

خلافت دیتے ہوئے صاف صاف فرمایا۔

... جب تک میں اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کروں تم

بھی میری اطاعت کرو، لیکن جب میں اللہ اور ان کے رسول ﷺ کی

نافرمانی کروں تم بھی میری اطاعت نہ کرو۔

[illegible]

واطوار کو رسولی رنگ میں فنا کر دیا تھا اور بقول شاعر

صدیق عکس حسن کمال محمد است ﷺ

اس کی صرف دو مثالیں یہاں پیش کی جاتی ہیں۔

حضور سید عالم ﷺ پر پہلی وحی کا نزول ہوا تو گھرائے اپنے دولت

[illegible]

[illegible]

كلا والله ما يخزيك الله ابدا انك لتصل الرحم وتحمل الكل وتكسب المعدوم وتقرى الضيف وتعين على نوائب الحق

[illegible] آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے [illegible]

کماتے ہیں۔ مہمان نوازی کرتے تھے۔ اور راہِ حق میں مصائب سہتے ہیں۔

یونہی حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ابن الدغنہ نے شہادت دی۔ الفاظ و تراکیب پر غور کیجئے۔

اتخرجون رجلا يكسب المعدوم ويصل الرحم ويحمل الكل ويقرى الضيف ويعين على نوائب الحق

ترجمہ (اے قریش!) کیا ایسے شخص کو (مکہ معظمہ سے) نکالتے ہو جو محتاجوں کے لئے کماتا ہے، صلہ رحمی کرتا ہے، کمزوروں کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ مہمان نواز ہے اور راہِ حق میں مصائب سہتا ہے۔

دوسری مثال صلح حدیبیہ سے متعلق ہے جس میں بظاہر ایسی شرائط تھیں جن سے اسلامی پہلو۔۔۔ ؟ نظر آتا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بہت پیچ و تاب کھا رہے تھے۔ باقی واقعہ انہیں کی زبانی سنئے۔ فرماتے ہیں۔

میں حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی کیا یہ حقیقت نہیں کہ آپ اللہ کے نبی ہیں۔ فرمایا کیوں نہیں؟ (ضرور ہوں)۔ [illegible] پھر کیوں اپنے دین میں کمزوری دکھائیں فرمایا انی رسول الله ولست اعصيه وهو ناصرى۔

(میں اللہ کا رسول ہوں اس کی نافرمانی نہیں کر سکتا۔ اور وہ میرا مددگار ہے۔ عرض کی کیا ہم آپ سے نہیں فرماتے تھے کہ ہم بیت اللہ جائیں گے اور اس کا طواف کریں گے

فرمایا بیشک! (مگر) کیا میں نے کہا تھا کہ ہم بیت اللہ اسی سال [illegible]

[illegible] پہنچ جاؤ گے اور اس کا طواف کرلو گے۔ پھر میں (یعنی عمر الخطاب رضی اللہ عنہ) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا (اے ابوبکر!) کیا یہ حقیقت نہیں کہ حضور ﷺ اللہ کے سچے نبی ہیں۔ فرمایا۔ کیوں نہیں؟

عرض کی کیا ہم حق پر نہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں؟ فرمایا کیوں نہیں۔ عرض کی پھر ہم کیوں اپنے دین میں کمزوری دکھائیں۔

فرمایا يايها الرجل انه رسول الله صلى الله عليه وسلم وليس يعصى ربه وهو ناصره فاستمسك بغرزه فو الله انه على الحق

(اے شخص! وہ اللہ کے رسول ﷺ ہیں، وہ اپنے رب کی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

فرمایا تو تم آئندہ پہنچنے والے ہو اور اس کا طواف بھی کرنے والے ہو، بعد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس جرأت پر کفارے کے طور پر میں نے بہت سے اعمال کئے۔

اس دوسرے واقعے کو پیش کرتے ہوئے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ترجمہ۔ جب حضرت فاروق رضی اللہ عنہ کی رگِ غیرت حرکت میں آئی تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ ان کے سوال کے جواب میں [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرح متین؟

مسئلہ رفع یدین پر جواب الجواب بعون اللہ العلام الوھاب

[illegible]

حال مقیم ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے بمقصد تحقیق رفع یدین کے جواب کا جواب

[illegible]

بسم اللہ الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی حبیب اللہ امابعد [illegible]

[illegible]

[illegible] من یطع الرسول فقد اطاع اللہ (نساء۔۸۰) کے مطابق آپ ﷺ ہی کے قول، فعل اور تقریر کا نام شریعت ہے اور فاتبعونی یحببکم اللہ (آل عمران۔۳۱) کے تحت آپ ﷺ ہی کی اداؤں پر عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور رحمت نصیب ہوتی ہے۔ اور وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الا وحی یوحی (نجم۔۳،۴) کا ارشاد خداوندی ببانگ دہل اعلان کر رہا ہے کہ آپ [illegible] کرتے ہیں وہ سب بحکم اشارہ و رضائے خداوندی کے مطابق ہی ہوتا ہے۔

لیکن بزعم خود اہلحدیث حضرت نبی کریم ﷺ کے ہر قول و فعل کو رضائے خداوندی کے مطابق نہیں مانتے) اور۔ وما کان لمؤمن ولا مؤمنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ ان یکون لھم الخیرۃ من امرھم (الاحزاب۔۳۶) کے مطابق کوئی شخص [illegible] آئے لیکن شریعت کی نگاہ میں وہ اس وقت تک اچھا نہیں ہو سکتا جب تک وہ نیک کام بھی اس طرح ادا نہ کیا جائے جس طرح کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا [illegible]

